اسرائیل کے پارلیمانی وفد نے صدر سے ملاقات کی

31 مارچ 2023

اسرائیل میں کنیسٹ کے اسپیکر عزت مآب امیر اوہانا کی قیادت میں ایک پارلیمانی وفد نے آج (31 مارچ 2023) راشٹرپتی بھون میں صدر جمہوریہ ہند شریمتی دروپدی مرمو سے ملاقات کی۔

وفد کا خیرمقدم کرتے ہوئے صدر نے کہا کہ گزشتہ 30 سالوں میں دونوں ممالک کے درمیان سفارتی تعلقات کثیر جہتی اسٹریٹجک شراکت داری میں پروان چڑھے ہیں۔

صدر نے اظہار خیال فرماتے ہوئے کہا کہ اپنی طویل تاریخ کے دوران، ہندوستان میں یہودی برادریوں نے اپنے منفرد ورثے اور روایات کو برقرار رکھا ہے اور ان کو تقویت بخشی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہودی لوگ ہندوستان کے جامع معاشرے کا ایک لازمی حصہ رہے ہیں اور ہمیشہ رہیں گے۔

صدر جمہوریہ نے کہا کہ ہندوستان میں اسرائیل جدید زراعت اور آبی ٹیکنالوجی میں مہارت کے ایک اہم ذریعہ کے طور پر جانا جاتا ہے۔ تحقیق اور اختراع میں ہمارے تعاون نے 'میک ان انڈیا' پہل کو بھی فروغ دیا ہے۔ وہ ہندوستان بھر میں اسرائیلی مدد سے قائم کیے گئے ’سینٹرز آف ایکسیلنس‘ کی کامیابی کا مشاہدہ کرتے ہوئے خوش تھیں۔

نئی دہلی

31 مارچ 2023